قواعد

از

نورانی قاعدہ

مرتب:

مولوی محمد ابراہیم خان سعیدی عفی عنہ

حسبِ فرمائش:

مفتی محمد فیاض احمد حیدر قاسمی دامت برکاتہم

ملنے کا پتہ :

مسجدِ اقصیٰ، آزاد نگر، چکمگلور

8123430650, 8050118072

موتی سمجھ کہ شانِ کریمی نے چن لئے

قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے

حامداً ومصلیا..............قارئینِ کرام

پیشِ نظر کتابچہ ہردوئی نورانی قاعدے کہ جملہ تختیوں پر مشتمل ہے جس کو اردو اور انگریزی حروف میں جمع کیا گیا ہے تا کہ مکاتب کے طلباء کو ان کے عام فہم زبان میں قواعد یاد کرایا جائے۔

خداوندِ کریم سے دعا ہے کہ بندہ کی اس کاوش کو جو آپکے ہاتھوں میں ہے شرفِ قبولیت سے نوازے۔۔آمین۔

انتساب

اپنے والدین وجمیع اساتذہ کرام اور زملاء عظام کی جانب منسوب کرتا ہوں رب کائنات سے ملتجی ہوں کہ بندہ کی اس چھوٹی کاوش کو شرفِ قبولیت سے نوازے۔۔آمین۔

فقط

محمد ابراہیم عفی عنہٗ

تقریظ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔۔۔۔امابعد

پیش نظر رسالہ جس میں اردو قواعد کو انگریزی میں کیا گیا ہے دراصل یہ کہ دین سیکھنے اور سکھانے کی نہ بڑوں کو فکر ہے۔نہ بچوں کے پاس اس کیلئے وقت ہے۔بڑوں کو کام دھندوں کے مشاغل کا عذر ہے۔ اور بچوں کو عصری علوم کے جال میں اس طرح جکڑ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان معصوم بچوں کو اردو سے دور کیا جا رہا ہے۔اگر ان کو اردو سکھانے میں لگا دیں تو قرآن سیکھنے میں لمبا عرصہ گزر جاتا ہے اس کیلئے ماشاء اللہ مولانا محمد ابراہیم صاحب نے بندہ کی رائے سے اس کام کو انجام دیا اور اسکی اشاعت کا بیڑا اٹھایا ہے اللہ تعالیٰ لکھنے والوں کو پڑھنے پڑھانے والوں کو اس رسالہ کی برکات سے مالا مال فرمائے ذریعہ نجات بنائے۔۔آمین۔

فقط والسلام

مفتی محمد فیاض احمد حیدر عفی عنہٗ

تختی نمبر ۱ مفردات

الگ الگ حروف کومفردات کہتے ہیں۔ جیسے : ا ب ت

Taqti No 1 Mufradaat

Alag Alag Hurfun Ko Mufradat Kehte Hain Jaise Alif Baa Taa

تختی نمبر ۲ مرکبات

ملے جلے حروف کومرکبات کہتے ہیں۔ جیسے : لا ہا

Taqti No 2 Murakabaat

Mile Jhule Hurfun ko Murakkabat Kehte Hain. Jaise Laam Alif Laa

تختی نمبر ۳ حرکات

زبر زیر پیش کوحرکات کہتے ہیں جس حرف پر حرکت ہواس کومتحرک کہتے ہیں متحرک حرف کوجلدی پڑھیں ذرا بھی نہ کھینچیں الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے ہمزہ کبھی خالی نہیں ہوتا۔

زبر کی آواز اوپر کواٹھتی ہے۔جیسے : أَ (ہمزہ زبر أَ)

زیر کی آواز نیچے کوجاتی ہے۔جیسے : إِ (ہمزہ زیر إِ)

پیش کی آواز آگے کو جاتی ہے اور ہونٹ گول ہو تے ہیں۔
جیسے : اُ (ہمزہ پیش اُ)

Taqti No 3 Harakaat

Zabar Zer Aur Pesh Ko Harakaat Kehte Hain. jis Harf Par Harkat ho Usko Mutaharrik Kehte Hain, Mutaharrik Harf ko Jaldi Padhen Zara Bhi Na Khenchain, Alif Hamesha Khali Hota Hai, Aur Hamza Kabhi Khali Nahi Hota

Zabar ki Awaz Upar Ko Uthti Hai
Zer ki Awaz Neeche Ko Jaati Hai
Pesh ki Awaz Aage ko Jati Hai
Aur hont Goal Hote Hain

تختی نمبر ۴ حروف مدہ

حروف مدہ تین ہیں ا۔ی۔و ان کو تھوڑا کھینچ کر پڑھیں گے

الف : الف جس سے پہلے زبر ہو جیسے : ءَ ا
یائے مدہ : یاء ساکن سے پہلے زیر ہو جیسے : اِیْ
واوِ مدہ : واو ساکن سے پہلے پیش ہو جیسے : اُوْ

Taqti No 4 Huroof-e-Madda

Huroof-e-Madda Teen Hain Alif Yaa Wao
inko Thoda Kheench kar Padhenge

Alif : Alif Jisse Pehle Zabar Ho.
Yaa : Yaa Sakin se Pehle Zerr Ho
Wao : Wao Sakin se Pehle Pesh Ho

کھڑازبر کھڑی زیر اُلٹا پیش

کھڑا زبر، کھڑی زیر، اُلٹا پیش ان تینوں کو حروفِ مدہ کی طرح تھوڑا کھینچ کر پڑھیں۔

کھڑا زبر : کھڑا زبر برابر ہے الف مدہ کے
کھڑی زیر : کھڑی زیر برابر ہے یائے مدہ کے
اُلٹا پیش : اُلٹا پیش برابر ہے واوِ مدہ کے

Khada Zabar, Khadi Zer, Ulta Pesh

Khada Zabar, Khadi Zer, Ulta Pesh
in Teenun ko Huroof-e-Madda ki Tarah
Thoda Kheench Kar Padhen
Khada Zabar Barabar Hai Alife Madda ke
Khadi Zer Barabar Hai Yaye Madda ke
Ulta Pesh Barabar Hai Wave Madda ke

تختی نمبر ۵ حروف لین

حروفِ لین دو ہیں (و۔ی)

واوِلین : واؤساکن سے پہلے زبر ہو

یائے لین : یاءساکن سے پہلے زبر ہو

ان دونوں حرفوں کونرم آواز کے ساتھ جلدادا کریں

حروفِ لین بھی معروف پڑھے جاتے ہیں جیسے اَوْفِ حَوْلَ

Taqti No 5 Huroofe Leen

Huroofe Leen Do Hain Wao, Yaa

Wave Leen : Wao Sakin Se Pehle Zair Ho

Yaae Leen : Yaa Sakin Se Pehle Zabar Ho

In Donon Harfun ko Narm Avaaz ke Sath

Jald Ada Karen Hurooe Leen Bhi Maroof

Padhe Jate Hain. Jaise Aoufi Houla.

تختی نمبر ۷ تنوین

دوزبر، دوزیر، دوپیش کوتنوین کہتے ہیں۔ جیسے باً

Taqti No 7 Tanveen

Do Zabar Do Zer Aur do Pesh ko Tanveen

Kehte Hain. Jaise Ba Alif Do Zabar Ban

تختی نمبر ۸ تنوین اورنون ساکن

جس نون پر جزم (سکون) ہواس کونونِ ساکن کہتے ہیں.
تنوین اورنون ساکن کی آواز یکساں ہوتی ہے۔ جیسے : عاداً

Taqti No 8 Tanveen Aur Noon Sakin

Jis Noon Par Jazm(Sukoon) Ho isko Noon Sakin Kehte Hain. Tanveen Aur Noon Sakin ki Awaz Yaksan Hoti Hai Jaise Aadan

تختی نمبر ۹ تنوین ونون ساکن کے قاعدے (اظھار)

حروفِ حلقی چھ ہیں ئ، ہ، ع، ح، غ، خ تنوین یا نون ساکن کے بعد حروفِ حلقی میں سے کوئی حرف آئے تو نون ساکن کو ظاہر کرکے بلاغنہ کے جلد پڑھیں گے اس کو اظہار کہتے ہیں

جیسے : طَيْرًا اَبَابِيْلَ

Taqti No 9 Tanveen Aur Noon Sakin ka Izhar Huroofe Halqi Chhe Hain Hamza, Haa, Ain, Haa, Ghain, Khaa Tanveen Ya Noon Sakin ke Baad Huroofe Halqi me se koi Harf aye Toh Noon Sakin ko Zahir Karke Bila Ghunna ke Jald Padhen Ge isko Izhaar Kehte Hain.

تختی نمبر ۱۰ اخفاء

تنوین یا نون ساکن کے بعد اخفاء کے پندرہ حروف ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ک میں سے کوئی حرف آئے تو نون کی آواز کو ناک میں چھپا کر پڑھنا چاہیئے اخفاء کی مقدار ایک الف ہے اس کو اخفا کہتے ہیں۔

Taqti No 10 Tanveen Aur Noon Sakin ka Iqfa

Tanveen ya Noon Sakin Ke Baad Iqfa ke Pandra Huroof Ta,Sa,Jeem,Daal,Zaal,Zaa Seen,Sheen,Swaad,Zwaad,Twa,Zwa,Fa,Qaaf,Kaaf me se Koi Harrf Aye To Noon ki Awaaz ko Naak me Chupakar Padhna Chahiye, Iqfa ki Miqdaar Aik Alif Hai' isko Iqfa Kehte Hain.

تختی نمبر ۱۱ قلقلہ

حروفِ قلقلہ پانچ ہیں ق ط ب ج د جن کا مجموعہ قُطْبُ جَدٍّ جب ان پر جزم ہو تو ان کو پڑھتے وقت انکے مخرج ٹکر کھا کر الگ ہو جاتے ہیں۔ان کے علاوہ کسی جزم والے حرف میں قلقلہ نہ ہوگا جیسے : (اَبْ) ہمزہ بازبر اَبْ

Taqti No 11 Qalqala

Huroofe Qalqala Panch Hain Qaaf,Twa,Baa, Jeem,Daal Jinka Majmua Qutubu Jaddin Hai Jab inpar Jazm Ho to inko Padhte Waqt Inke Maqraj Takkar Khakar Alag hojate hain, inke Alava kisi Jazm Wale Harf me Qalqala Na Hoga. Jaise Alif Ba Zabar Ab.

تختی نمبر ۱۲ سکون (جزم)

جس حرف پر جزم ہو اس کو پیچھے والے حرف سے ملا کر پڑھتے ہیں جزم والے حرف کو ساکن کہتے ہیں ہمزۂ ساکنہ کے پڑھنے میں جھٹکا ہوتا ہے۔ جیسے : تَجْرِیْ

Taqti No 12 Sukoon (Jazm)

Jis Harf Par Jazm ho usko Peeche Wale Harf Se Milakar Padhte Hain, Jazm Wale Harf ko Sakin Kehte Hain, Hamza-e-Sakina ke Padhne me Jhatka hota Hai, Jaise Tajri

تختی نمبر ۱۳ تشدید

جس حرف پر تشدید ہو اس کو دو مرتبہ پڑھیں گے ایک بار پہلے حرف سے ملا کر اور ایک بار خود اسے پڑھیں گے۔ تشدید کی

آواز میں ایک قسم کی سختی ہوتی ہے۔ن اورم پر تشدید ہوتو غنہ ہوگا ناک میں تھوڑی دیر آواز کو روکنا غنہ کہلاتا ہے غنہ کی مقدار ایک الف کے برابر ہے۔

Taqti No 13 Tashdeed

Jis Harf Par Tashdeed ho isko Do Martaba Padhenge Aik Bar Pehle Wale Harf se Milakar Aur Aik Bar Khud Use Padhenge Tashdeed ki Awaz me aik Qisam ki Saqti hoti Hai. Noon Aur Meem Par Tashdeed Ho To Gunna Hoga. Naak me Thodi Dair Awaaz ko Rokna Ghunna Kelata Hai'Gunne ki Miqdaar Aik Alif ke Barabar Hai.

تختی نمبر ۱۴ رائے ساکنہ ومشدّدہ

جزم والی را کو رائے ساکنہ کہتے ہیں

اورتشدید والی راء کو رائے مشددہ کہتے ہیں۔

را پر زبر یا پیش ہو تو راء پُر ہوگی، زیر ہو تو راء باریک ہوگی رائے ساکنہ سے پہلے زبر یا پیش ہوتو را پُر ہوگی، زیر ہو تو راء باریک ہوگی۔

Taqti No 14 Raye Sakina Wo Mushaddada
Jazm Wali Raa ko Raye Sakina Kehte Hain Aur Tashdeed Wali Raa ko Raye Mushaddada Kehte Hain.

1.Raa Par Zabar ya Pesh ho to Raa Pur hogi Zer Ho to Raa Bareek Hogi
2.Raye Sakina se Pehle Zabar Ya Pesh Ho to Raa Pur hogi Aur Zer Ho to Raa Barik Hogi.

تختی نمبر ۱۵ حروف قمری و حروف شمسی

الف لام اگر حروفِ قمری کے شروع میں ہو تو صرف لام پڑھا جائیگا
الف کو نہ پڑھیں گے۔ جیسے : وَالْقَمَرِ

حروفِ قمری چودہ ہیں

ا ب ج ح خ ع غ ف ق ك م و ہ ی

الف لام اگر حروفِ شمسی کے شروع میں ہو تو الف لام نہیں پڑھینگے
بلکہ بعد والے حرف سے ملا کر پڑھیں گے۔

جیسے : اَلشَّمْسُ

حروفِ شمسی بھی چودہ ہیں۔

ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل ن

Taqti No 15

Hurofe Qamri -o- Hurofe Shamsi

Alif Lam Agar Hurofe Qamri ke Shuru me ho to Sirf Laam Padha Jayega. alif ko Na Padhenge. Jaise : Walqamari

Hurofe Qamri 14 Hain

Alif,Baa,Jeem,Haa,Khaa,Ain,Ghain, Faa,Qaaf,Kaaf,Meem,Wao,Haa,Yaa.

Alif Laam Agar Huroofe Shamsi ke Shuru me ho to Alif Laam Nahi Padhenge. Balke Baad Wale Harf se Milakar Padhenge. Jaise : Ash Shamsu.

Hurofe Shamsi 14 Hain

Taa,Saa,Daal,Zaal,Raa,Zaa,Seen,Sheen, Swaad,Zwaad,Twaa,Zwaa,Laam,Noon

تختی نمبر ١٦ لفظ اللہ کا قاعدہ

اگر لفظِ اللہ سے پہلے زبر یا پیش ہو تو لفظِ اللہ کے لام کو پُر پڑھینگے

جیسے : قَالَ اللّٰہُ

اگر لفظِ اللہ سے پہلے زیر ہو تو لفظِ اللہ کے لام کو باریک پڑھینگے

جیسے : بَلِ اللّٰہُ باقی ہر لام باریک ہوگا

Taqti No 16 Lafze Allah Ka Qaida

Agar Lafze Allah se Pehle Zabar Ya Pesh Ho to Lafze Allah Ka Laam ko Pur Padhenge. Jaise : Qalal Lahu
Agar Lafze Allah se Pehle Zer Ho to Lafze Allah Ka Laam ko Barik Padhenge. Jaise : Balil Lahu
Baqi Har Laam Bareek Hoga.

تختی نمبر ۱۷ وقف کے قاعدے

وقف کے معنی ٹھہرنا یعنی قرآن پاک پڑھتے پڑھتے کس طرح ٹھہریں

ایسے O گول نشان کو آیت کہتے ہیں۔

زبر، زیر، پیش، دوزیر، دوپیش، کھڑی زیر، الٹا پیش پر وقف کرنا ہو تو آخری حرف پر جزم دے کر سانس توڑ دیں اس کو آیت کرنا کہتے ہیں۔

دوزبر پر وقف کرنا ہو تو ایک زبر کے ساتھ الف پڑھا جائیگا۔

جیسے : اَحَدًا سے اَحَدَا

گول ۃ پر وقف کی حالت میں ہائے ساکنہ بن جاتی ہے۔

جیسے : جَارِيَةٌ سے جَارِيَهْ

Taqti No 17 Waqf ke Qaide

Waqf ke Mane Tehrna Yani Qurane Pak Padhte Padhte kis Tarah Tehren

O : Aise Gool Nishan ko Ayat Kehte Hain.
Zabar,Zer,Pesh,Do Zer,Do Pesh, Khadi Zer, Ulta Pesh Par Waqf Karna ho to Akhri Harf par Jazm Dekar Saans Tod Dain Isko Ayat Karna Kehte Hain.
Do Zabar par Waqf Karna ho to Aik Zabar ke Sath Alif Padha Jayega.
Jaise : Ahadan se Ahada
Gool Taa par Waqf Ki halat me Haye Sakina Ban Jati Hai. Jaise : Jariyatun se Jariyah

تختی نمبر ۱۹ مد کا بیان

مدِّ متصل : حرفِ مد کے بعد ہمزہ اسی کلمہ میں ہو تو مدِّ متصل ہوگا

جیسے : جَآءَ

مدِّ منفصل : حرفِ مد کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو مدِّ منفصل ہوگا۔ جیسے : فِیٓ اَمْرِنَا

مدِّ لازم : حرفِ مد کے بعد والے حرف پر تشدید یا جزم ہو تو مدِّ لازم ہوگا۔ ایک الف سے زائد کھینچ کر پڑھنے کو مد کہتے ہیں

جیسے : حَآجُّوْكَ

Taqti No 19 Madd Ka Bayan

1. Madde Muttasil : Harfe Madd ke Bad Hamza Usi Kalime me Ho to Madde Muttasil Hoga. Jaise : Jaaaa Aa

2. Madde Munfasil : Harfe Madd ke Bad Hamza Dusre Kalime me Ho to Madde Munfasil Hoga. Jaise : Feeee Amrina

3. Madde Lazim : Harfe Madd ke Bad Wale Harf par Tashdeed ya Jazm hoto Madde Lazim Hoga Jaise : Haaaaajjuk.

(Aik Alif se Zaid Kheench kar Padhne ko Mad Kehte Hain)

تختی نمبر ۲۱ حروفِ مقطعات

جنکا مطلب اللہ اور اس کے رسول کے سوا کسی کو معلوم نہیں

الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰسٓمٓ طٰسٓ

يٰسٓ صٓ حٰمٓ قٓ نٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

Taqti No 21 Huroofe Muqattaat

Huroofe Muqattaat Jinka Matlab Allah aur Uske Rasool ke Siva kisi ko Malum Nahi

Alif Laam Meem, Alif Laam Meem Swaad, Alif Laam Raa, Kaaf Haa Ya Ain Swad, Twaa Seen Meem, Twaa Seen, Yaa Seen, Swaad, Haa Meem, Qaaf, Noon, Haa Meem Ain Seen Qaaf.

تختی نمبر ۲۲ میم ساکن کے قاعدے

اخفاءِ شفوی : میم ساکن کے بعد ب آئے تو غنہ کے ساتھ اخفاء ہوگا جیسے : رَبَّهُمْ بِهِمْ

ادغامِ شفوی : میم ساکن کے بعد میم آئے تو میم کو میم سے ملا کر غنہ کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ جیسے : اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ

اظہارِ شفوی : میم ساکن کے بعد ب اور میم کے علاوہ کوئی حرف آئے تو میم کو ظاہر کر کے بلا غنہ کے پڑھیں گے۔ جیسے اردو میں ہم تم کی میم جیسے : هُمْ فِيْهَا

Taqti No 22 Meem Sakin ke Qaide

1. **Iqfae Shafavi : Meem Sakin ke Baad Baa Aye to Gunne ke sath Iqfa Hoga**
   Jaise : Rabbahum Bihim
2. **Idgame Shafavi : Meem Sakin ke Baad Meem aye to Meem ko Meem ke sath Milakar Ghunne ke sath Padhenge,**
   Jaise : Ilaikumm Mursaloona.
3. **Izhare Shafavi : Meem Sakin ke Baad Baa Aur Meem ke Alawa koi Aur Harf aye to Meem ko Zahir karke Baghair Ghunne ke Padhenge, Jaise Urdu me Ham Tum ki Meem**
   Jaise : Hum Fiha.

تختی نمبر ۲۳ اقلاب

اقلاب : تنوین یا نون ساکن کے بعدب آئے تون کوم سے
بدل کر غنہ اور اخفاء کے ساتھ پڑھیں گے اسکو اقلاب کہتے ہیں
جیسے : مَنۢ بَخِلَ

Taqti No 23 Iqlaab

Tanveen ya Noon Sakin Ke Baad Baa Aye to Noon ko Meem se Badal kar Ghunna Aur Iqfa ke sath Padhenge isko Iqlaab Kehte Hain.
Jaise : Mam Baqila

تختی نمبر ۲۴ ادغام

حروفِ ادغام چھ ہیں ی ر م ل و ن جن کا مجموعہ یرملون ہے
نون ساکن یا تنوین کے بعد حروفِ یرملون میں سے ل، ر آ جائے
تو ملا کر بغیر غنہ کے پڑھیں گے۔ اسکو ادغام بلا غنہ کہتے ہیں۔

جیسے : مِن رَّبِّكَ

نون ساکن یا تنوین کے بعد حروف یرملون میں سے ی و م ن
(یومن) دوسرے کلمہ میں آئے تو غنہ کے ساتھ ملا کر پڑھیں گے۔
اسکو ادغامِ ناقص اور ادغام مع الغنہ بھی کہتے ہیں۔

جیسے : مِن یَّومٍ

Taqti No 24 Idgam

Hurofe Idgam Chhe Hain. Yaa.Raa,Meem Laam,Wao,Noon jinka Majmua Yarmalo Hai. Noon Sakin ya Tanveen Ke Baad Hurofe Yarmalon me se Laam ya Raa Aajaye to Milakar Baghair Gunna ke Padhenge Usko Idgam Bila Gunna Kehte Hain.

Jaise : Mir Rabbika

Noon Sakin ya Tanveen Ke Baad Huroofe Yarmalon me se Yaa, Wao, Meem, Noon, Dusre Kalime me Aye To Gunne ke sath Milakar Padhenge Usko Idgame Naqis Aur Idgam Ma Al Gunna Bhi Kehte Hain. Jaise : Min Youmin

تختی نمبر ۲۵ رسم الخط

رسم الخط یعنی لکھنے کا طریقہ قرآنِ مجید میں بہت جگہ الف واوی لکھے ہوئے ہیں مگر پڑھے نہیں جاتے ان پر نشان (×) بنا ہوا ہے لفظ انا میں نون کے بعد کا الف کہیں نہیں پڑھا جائیگا ان کی طرح پڑھیں گے جبکہ اس پر وقف نہ کریں۔

جیسے : اَفَا۟ئِنْ مَّاتَ

Taqti No 25 Rasmul Khat

Rasmul Khat Yani Likhne ka Tariqa Qurane Majeed me Bahut Jagah Alif, Wao, Ya, Likhe Hue Hain Magar Padhe Nahi Jate in par Nishan(×)Bana Hua Hai. Lafze Ana me Noon ke bad ka Alif Kahin Nahi Padha Jayega Ana ki Tarah Padhenge Jabke is par Waqf na Karen Jaise : Afaim Maata

تختی نمبر ۲۶ علاماتِ وقف

وقف کے معنی ٹھہرنا یعنی قرآن پاک پڑھتے پڑھتے کس طرح ٹھہریں
کہاں ٹھہریں اور کہاں نہ ٹھہریں اس کیلئے نیچے لکھی ہوئی علامات
قرآنِ مجید میں جگہ جگہ بنی ہوئی ہیں۔ جہاں کئی علامات ہوں تو
اوپر والی علامت پر عمل بہتر ہے۔ آیت کے درمیان میں اگر
سانس ٹوٹے تو اس کلمہ کے آخری حرف کو ساکن کر کے سانس
توڑے پھر کچھ پیچھے سے لوٹا کر پڑھے۔

علاماتِ وقف ہردوئی نورانی قاعدہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

Taqti No 26 Alamate Waqf

Waqf ke Mane Teherna Yani Qurane Paak Padhte Padhte kis Tarah Tehren Kahan Tehren Aur Kahan Na Tehren is keliye Neeche Likhi Hui Alamate Quraane Majeed me Jagah Jagah Bani hui Hain. Jahan Kai Alaamat Hon to Upar Wali Alamat par Amal Behtar Hai. Ayat ke Darmiyan Agar Saans Toote us Kalime ke Akhri Harf ko Sakin Karke Saans Tode Phir Kuch Peeche se Loutakar Padhe.

Alaamate Waqf Noorani Qaide me Mulahaza Farmayen

سیرتِ طیبہ مختصراً

نام : حضرت محمد ﷺ

والد : عبداللہ والدہ : بی۔بی۔آمنہ

دادا : عبدالمطّلب دادی : فاطمہ

نانا : وہب بن عبدمناف نانی : برّہ

رضائی والد : حضرت حارث بن العزیؓ

رضائی والدہ : حضرت حلیمہ سعدیہؓ

رضائی بھائی : عبداللہ، حذیفہ رضائی بہن : انیسہ، شیما

بیٹے :

۱۔حضرت عبداللہؓ ۲۔حضرت قاسمؓ ۳۔حضرت ابراہیمؓ

بیٹیاں :

۱۔حضرت زینبؓ ۲۔حضرت رقیہؓ

۳۔حضرت ام کلثومؓ، ۴۔حضرت فاطمۃ الزہراءؓ

Seerat-e-Tayyiba Muqtasaran

Naam : Hazrath Mohammed (S.A.S)

Valid ka Naam : Abdullah

Valida ka Naam : Bi.Bi.Aamina

Dada ka Naam : Abdul Muttalib

Dadi ka Naam : Fathima

Nana ka Naam : Wahab bin Abd-e-Munaf

Nani ka Naam : Barrah

Razai Valid ka Naam : Hazrath Haris bin Al Uzza (R.Anhu)

Razai Valida ka Naam : Hazrath Haleema Sadiya (R.Anhu)

Razai Bhai Naam : Abdullah, Huzaifa

Razai Bhen Naam : Aneesa, Sheema

Farzand : 1. Hazrath Abdullah (R.Anhu)
2. Hazrath Qasim (R.Anhu)
3. Hazrath Ibrahim (R.Anhu)

Dukhtar : 1. Hazrath Zainab (R.Anha)
2. Hazrath Ruqaiyya (R.Anha)
3. Hazrath Umme Kulsum (R.Anha)
4. Hazrath Fatimatuz Zuhra (R.Anha)

فیس کارڈ برائے یادداشت

نام.....................ولدیت........

وطن..........جماعت..........نمبر.........

دستخطِ وصول کنندہ	تاریخ وصولیابی	رسید نمبر	رقم وصول شدہ	مہینہ
				شوّال
				ذوالقعدۃ
				ذوالحجۃ
				مُحرّم
				صفر
				ربیع اوّل
				ربیع ثانی
				جُمادیٰ اوّل
				جُمادیٰ ثانی
				رجب
				شعبان
				رمضان